☆☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2018

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 8 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

Rwp-G1-12-18 گروپ-I

# اُردو لازمی (معروضی)

وقت:30 منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

1. سبق "مولانا ظفر علی خاں" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
   - (A) چند ہم عصر
   - (B) گنج ہائے گراں مایہ
   - (C) مردم دیدہ
   - (D) دھنک پر قدم
2. قاضی یحییٰ بن منصور کے بیٹے کا نام تھا۔
   - (A) عبداللہ
   - (B) منصور
   - (C) علی
   - (D) زبیر
3. شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار کتنی عمر میں دیکھا؟
   - (A) پانچ برس کی عمر میں
   - (B) سات برس کی عمر میں
   - (C) آٹھ برس کی عمر میں
   - (D) دس برس کی عمر میں
4. اکبری کی شادی ہوئی تھی۔
   - (A) محمد کامل سے
   - (B) محمد عاقل سے
   - (C) محمد اکمل سے
   - (D) محمد اجمل سے
5. حضرت عمر بن عبدالعزیز کی پھوپھی تھیں۔
   - (A) اُمِ عمر
   - (B) اُمِ عمارہ
   - (C) اُمِ کلثوم
   - (D) اُمِ حبیبہ

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6. قمیض شلوار یہاں۔۔۔۔۔۔
   - (A) رکھی ہے
   - (B) رکھا ہے
   - (C) رکھے ہیں
   - (D) رکھے ہو
7. ۔۔۔۔محنت کرو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔
   - (A) چونکہ
   - (B) خواہ
   - (C) اگر
   - (D) کیونکہ
8. محنت کرو۔۔۔۔۔۔یہی کامیابی کی کُنجی ہے۔
   - (A) کہ
   - (B) جب کہ
   - (C) چونکہ
   - (D) چنانچہ
9. "تعزیراتِ پاکستان" چھپ۔۔۔۔۔۔۔
   - (A) گئے ہیں
   - (B) چکے ہیں
   - (C) گیا ہے
   - (D) گئی ہے
10. ہم نے جتنے خربوزے خریدے سب کو۔۔۔۔۔۔پایا۔
    - (A) پھیکے
    - (B) پھیکے جیسے
    - (C) پھیکا
    - (D) پھیکا پن

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11. ؟ علامت ہے۔
    - (A) واوین کی
    - (B) سوالیہ کی
    - (C) سکتہ کی
    - (D) خط کی
12. ندائیہ کی تعریف ہے۔
    - (A) جذبات کا اظہار
    - (B) فقرے کی تکمیل
    - (C) کسی کو پکارنا
    - (D) مختصر ٹھہراؤ
13. سکتہ کی تعریف ہے۔
    - (A) سب سے کم ٹھہراؤ
    - (B) مکمل ٹھہراؤ
    - (C) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ
    - (D) بات مکمل ہونا
14. علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔
    - (A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے
    - (B) جملہ مکمل ہونے کے بعد
    - (C) مخاطب کرنے کیلئے
    - (D) بات کی وضاحت کیلئے
15. : علامت ہے۔
    - (A) رابطہ کی
    - (B) تفصیلیہ کی
    - (C) وقفہ کی
    - (D) ندائیہ کی

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16. پانا:۔
    - (A) وہ ابھی کام ختم نہیں کر پایا
    - (B) محسن نے اپنا مقصد پالیا
    - (C) اُس نے انعام پایا ہے
    - (D) مزدور نے مہینے کے بعد تنخواہ پائی
17. ہونا:۔
    - (A) کاش! تم نے میری بات مانی ہوتی
    - (B) شیر جنگل میں ہوتا ہے
    - (C) تم کون ہو
    - (D) تمہارا کام ہو گیا ہے
18. ڈالنا:۔
    - (A) کپڑے بیگ میں ڈال دو
    - (B) تیری جدائی نے مار ڈالا
    - (C) پانی جگ میں ڈالنا
    - (D) ہم نے مل کر جھگڑا ڈالا
19. رہنا:۔
    - (A) اسلم ملتان میں رہتا ہے
    - (B) اکرم یہاں آتا رہتا ہے
    - (C) مجھے ابھی یہاں رہنا ہے
    - (D) تم یہاں رہو
20. کرنا:۔
    - (A) ابھی سبق یاد کرنا ہے
    - (B) یہ کام کرو
    - (C) وہ یہاں آیا کرتا ہے
    - (D) کچھ کام تم بھی کرو



ParhloPakistan.com

Inter (Part-II)-A-2018

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ - I

Rwp-G1-12-18

کل نمبر =80

وقت: 2:30 گھنٹے

## حصہ اوّل

10=1+1+8

2. (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

کیا پھولوں نے شبنم سے وضو صحنِ گلستان میں
صدائے نغمۂ بلبل اٹھی بانگ اذاں ہوکر
ہوائے شوق میں شاخیں جھکیں خالق کے سجدے کو
ہوئی تسبیح میں مصروف ہر پتی زباں ہو کر

10=1+(3x3)

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

(ii) وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

(iii) عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ
عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

## حصہ دوم

15=1+1+3+10

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سیاق وسباق، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(الف) محدّث ابنِ جوزی نے بہ سند یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ مسلمہ بن عبدالملک جو خاندانِ بنی اُمیہ کا دست و بازو تھا، نے ایک گرجا کے متولیوں کے مقابلے میں دعویٰ دائر کیا۔ فریق مقدمہ جو عیسائی تھے، اجلاس میں حسبِ قاعدہ کھڑے تھے لیکن مسلمہ کو چونکہ خاندانی زعم تھا اس لیے بیٹھ کر گفتگو کرتا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے کہا، تمہارا فریق مقدمہ کھڑا ہے اس لیے تم بیٹھ نہیں سکتے، تم بھی اس کے برابر کھڑے ہو جاؤ یا کسی اور کو مقرر کرو جو تمھاری طرف سے مقدمے کی پیروی کرے۔ مقدمے کا فیصلہ بھی مسلمہ کے خلاف کیا یعنی زمین متنازعہ گرجا کے متولیوں کو دلا دی۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحرا کاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمردی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحدِ نظر سبزہ ہی سبزہ، یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے سے شباب پر آئی ہے۔ اس کے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہرا رنگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

10=1+9

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(i) پہلی فتح (ii) مولوی نذیر احمد دھلوی

5

5. مجید امجد کی نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

20

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیے۔

(i دہشت گردی اور اس کا علاج (ii علامہ اقبال بطور شاعر (iii انٹرنیٹ اور اس کا مثبت استعمال

10

7. آپ نے تفریحی مقام کی سیر کی ہے۔ اپنے دوست کو خط میں اس سیر کے تاثرات بیان کیجیے۔



ParhloPakistan.com